Downloaded From : http://cbseportal.com/

**Series : HRK/C** **SET-4**

**Code No. 5A**

**Roll No.**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# SUMMATIVE ASSESSMENT-II

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر : 90

*Time allowed : 3 hours] [Maximum marks : 90*

## حصّہ - الف

.1 درج ذیل (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے : **5**

''پروفیسر سید احتشام حسین کی پیدائش قصبہ ماہل، ضلع اعظم گڑھ (یوپی) میں ہوئی۔ یہیں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے الہ آباد آ گئے۔ یہیں ان کا انتقال ہوا۔ احتشام حسین کا شمار اردو کے صفِ اول کے نقادوں میں ہوتا ہے۔ وہ ترقی پسند تحریک سے وابستہ رہے۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ ''تنقیدی جائزے، روایت اور بغاوت، ادب اور سماج، ذوق ادب اور شعور، افکار و مسائل اور اعتبارِ نظر'' ان کی اہم کتابیں ہیں۔ انہوں نے امریکہ اور یورپ کا ایک سفرنامہ بھی لکھا ہے۔ انہوں نے بچوں کے لیے ''اردو کی کہانی'' لکھی۔ اس کتاب میں اردو زبان اور ادب کی تاریخ مختصر طور سے بہت ہی آسان اور دلچسپ انداز میں بیان کی گئی ہے۔''

(i) احتشام حسین نے بچوں کے لیے کون سی کتاب لکھی ؟

(a) ادب اور سماج (b) اردو کی کہانی

(c) روایت اور بغاوت (d) افکار و مسائل



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(ii) احتشام حسین کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(a) اعظم گڑھ (b) الہ آباد

(c) امریکہ (d) یورپ

(iii) احتشام حسین کس تحریک سے وابستہ رہے؟

(a) ادب اور سماج (b) اردو کی کہانی

(c) روایت اور بغاوت (d) ترقی پسند

(iv) احتشام حسین کا انتقال کہاں ہوا ؟

(a) قصبہ ماہل (b) الہ آباد

(c) اعظم گڑھ (d) امریکہ

(v) احتشام حسین کی اعلیٰ تعلیم کہاں ہوئی ؟

(a) قصبہ ماہل (b) الہ آباد

(c) اعظم گڑھ (d) یورپ

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
آگے آتی تھی حالِ دل پر ہنسی اب کسی بات پر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں ورنہ کیا بات کر نہیں آتی
کعبے کس منھ سے جاؤگے غالب شرم تم کو مگر نہیں آتی

(i) اس شعری حصے کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟

(a) نظم (b) غزل

(c) رباعی (d) مرثیہ

(ii) دن کس کے لیے معین ہے؟

(a) نیند (b) رات

(c) موت (d) امید



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(iii) آ گے کس بات پر ہنسی آتی تھی ؟

(a) حالِ دل (b) موت

(c) رات (d) صورت

(iv) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں ؟

(a) میر (b) غالبؔ

(c) ذوق (d) درد

(v) معین کے کیا معنی ہیں ؟

(a) طے شدہ (b) امید کی کرن

(c) نیند کا غلبہ (d) رات کی سیاہی

.3 درج ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر تفصیل سے مضمون لکھیے : **10**

(i) ہندوستانی سینما

(ii) فٹ بال کا میچ

(iii) تجارتی میلہ

(iv) تعلیم و تربیت

.4 اپنے والد صاحب کو خط لکھیے اور بتایئے کہ آپ کے امتحانات کیسے چل رہے ہیں ؟ **6**

**یا**

اپنے علاقے کے کونسلر کو درخواست لکھ کر بتایئے کہ آپ کے علاقے میں مچھر بہت زیادہ ہو رہے ہیں اور اس کے اثرات بھی لکھیے ۔

.5 فعل مجہول کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے ۔ **2**

.6 درج ذیل محاوروں میں سے کسی **تین** کو جملوں میں استعمال کیجئے : **3**

(i) اپنا الو سیدھا کرنا (ii) پیشانی پر بل پڑنا

(iii) جان پر کھیل جانا (iv) تو تو میں میں کرنا



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

7. (الف) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ اس کی تعریف لکھیے : 2 + 2 + 1 = 5

ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

(ب) مراعاۃ النظیر کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔

(ج) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ لکھیے :

کہا دل نے مرے دیکھی جو وہ مانگ
کہ ہے یہ رات آدھی کچھ دعا مانگ

## حصہ - ب

8. درج ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5 + 5 = 10

### (الف)

''ہم انھیں تکلیف دینا نہیں چاہتے تھے، ان کے دل کی آرزو پوری کرنا چاہتے تھے۔ ہمیں جنرل بخت خاں نے انگریزی فوج کی وردیاں پہنا کر بھجوایا ہے کہ انھیں جلد سے جلد تلاش کرکے ان کے پاس پہنچا دیں۔ ہم نے ان کو صحیح سلامت نہ پہنچایا تو ہمارے گولی مار دی جائے گی، یا انگریز ہمیں پکڑ کر پھانسی دے دیں گے...... آپ سے پھر آپ کے قدموں پر گرکر معافی مانگتا ہوں......مگر ابھی ایک اور گستاخی کرنا ہے۔ ہم آپ کو شہر کے باہر صرف قیدی بنا کر لے جا سکتے ہیں۔ ہمیں آپ کی مشکیں کسنا ہوں گی اور گلے میں رسّیاں باندھنا۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) بھیک (b) آزمائش
(c) چوری اور اس کا کفارہ (d) اشتہارات ضرورت نہیں ہے، کہ

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے؟

(a) ابن انشاء (b) سید عابد حسین
(c) محمد مجیب (d) حیات اللہ انصاری

(iii) انگریزی فوج کی وردیاں پہنا کر کس نے بھجوایا؟

(a) بخت خاں (b) انگریز
(c) سپاہی (d) قیدی

(iv) ''مشکیں کسنا'' کے کیا معنی ہیں؟

(a) گلے میں رسی باندھنا (b) دونوں بازو پشت پر باندھنا
(c) ہاتھ اور پاؤں باندھنا (d) کمر میں رسی باندھنا



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(v) اس نے اگر صحیح سلامت نہ پہنچایا تو کیا ہوگا ؟

(a) قید کر لیا جائے گا
(b) معاف کر دیا جائے گا
(c) دفن کر دیا جائے گا
(d) گولی مار دی جائے گی

**(ب)**

مجھے یہ سن کر تعجب اور رنج ہوا - میں نے اپنے دوست سے اس کا سبب پوچھا تو اس نے کہا، ''ہماری قوم گوشت نہیں کھاتی اس لیے کمزور ہے۔ انگریز لوگ گوشت کھاتے ہیں، اس لیے وہ ہم پر حکومت کرنے کے قابل ہیں۔ تم جانتے ہو میں کیسا مضبوط ہوں اور کتنا تیز دوڑتا ہوں۔ اس کا سبب یہی ہے کہ میری غذا گوشت ہے۔ گوشت کھانے والوں کے پھوڑے پھنسی نہیں نکلتے اور کبھی نکل بھی آئیں تو جلد اچھے ہو جاتے ہیں۔ ہمارے استاد اور ہمارے دوسرے بڑے آدمی جو گوشت کھاتے ہیں، احمق نہیں ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اس میں کیا خوبیاں ہیں۔ تمہیں بھی اس کی تقلید کرنا چاہیے۔ آخر آزمائش کرنے میں کیا حرج ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) بھیک
(b) آزمائش
(c) چوری اور اس کا کفارہ
(d) اشتہارات ضرورت 'نہیں ہے' کہ

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے ؟

(a) ابن انشاء
(b) سید عابد حسین
(c) محمد مجیب
(d) حیات اللہ انصاری

(iii) انگریز ہم پر کیوں حکومت کرنے کے قابل ہیں ؟

(a) اس لیے کہ وہ گوشت نہیں کھاتے
(b) اس لیے کہ وہ گوشت کھاتے ہیں
(c) اس لیے کہ وہ بہت لالچی ہیں
(d) اس لیے کہ ہم حکومت کرنا نہیں چاہتے

(iv) پھوڑے پھنسی کسے نہیں نکلتے ؟

(a) گوشت کھانے والوں کو
(b) گوشت نہ کھانے والوں کو
(c) طاقت ور لوگوں کو
(d) تیز دوڑنے والوں کو

(v) یہاں تقلید کے کیا معنی ہیں ؟

(a) انکار کرنا
(b) اقرار کرنا
(c) پیروی کرنا
(d) عزت کرنا



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

.9 حیات اللہ انصاری کے افسانے 'بھیک' کا خلاصہ لکھیے۔ 4

یا

سبق ''چوری اور اس کا کفارہ'' سے آپ نے کیا سیکھا؟ لکھیے۔

.10 درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے : 2 + 2 = 4

(i) افسانہ 'بھیک' میں موتی نگر کی وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج کیوں بدل گیا؟

(ii) ڈراما 'آزمائش' میں رام سہائے مل کے دروازے پر سپاہی آئے تو اس نے کیوں کہا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے؟

(iii) ''انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے۔'' ایسا کیوں؟ اپنے سبق 'چوری اور اس کا کفارہ' کی روشنی میں واضح کیجیے۔

(iv) اخبارات میں اشتہارات کیوں چھپوائے جاتے ہیں؟ اپنے نصاب میں شامل سبق ''اشتہارات 'ضرورت نہیں ہے' کے'' حوالے سے لکھیے۔

.11 درج ذیل شعری حصوں کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے : 4 + 4 = 8

(الف)

یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا
وہ شورشیں، نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے
جب مختصر کیا انھیں انساں بنا دیا
ہم اس نگاہِ ناز کو سمجھے تھے نیشتر
تم نے تو مسکرا کے رگِ جاں بنا دیا

(i) درج بالا شعری حصے کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

(a) غزل (b) نظم

(c) رباعی (d) مرثیہ

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) فانی (b) کیفی اعظمی

(c) اصغر گونڈوی (d) یگانہ

(iii) ''شورش'' کے کیا معنی ہیں؟

(a) شور (b) ہجوم

(c) بھیڑ (d) ہنگامہ



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(iv) محبوب کے مسکرانے سے کلی میں کیا ہوا ؟

(a) مرجھا گئی (b) جان آگئی

(c) توڑ لی گئی (d) کسی نے توجہ نہیں کی

(ب)

ہر عیب سے مانا کہ جدا ہو جائے
کیا ہے اگر انسان خدا ہو جائے
شاعر کا تو بس کام یہ ہے ہر دل میں
کچھ دردِ حیات اور سِوا ہو جائے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(a) نظم (b) غزل

(c) رباعی (d) مرثیہ

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(a) تلوک چند محروم (b) فراق گورکھپوری

(c) کیفی اعظمی (d) اصغر گونڈوی

(iii) سِوا کے کیا معنی ہے ؟

(a) زندگی (b) موت

(c) خرابی (d) زیادہ

(iv) ہر دل میں دردِ حیات اور سِوا کرنے کا کام کس کا ہے ؟

(a) شاعر کا (b) معشوق کا

(c) عاشق کا (d) خدا کا

12. نصاب میں شامل تلوک چند محروم کی رباعیوں کو پڑھ کر آپ کو کیا سبق ملتا ہے ؟ اپنی زبان میں لکھیے ۔ 4

یا

اصغر گونڈوی کی غزل گوئی کی خصوصیات سو **(100)** الفاظ میں لکھیے ۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

13. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھیے : 2 + 2 = 4

(i) درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے :

بلند ہو، تو کھلے تجھ پہ راز ہستی کا
بڑے بڑوں کے قدم ڈگمگائے ہیں کیا کیا

(ii) کیفی اعظمی نے آندھی آنے کے کیا آثار بتائے ہیں ؟

(iii) نظم کے پہلے بند میں ''آوارۂ غربت'' اور ''کنعان وطن'' سے اختر شیرانی کی کیا مراد ہے؟

(iv) بستی بسنا کھیل نہیں، بستے بستے بستی ہے

اس مصرعے میں پہلے لفظ بستی اور دوسرے لفظ بستی کے فرق کو واضح کیجیے۔

## حصہ - ج

14. درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے : 4

(i) اپنے نصاب میں شامل افسانہ ''سلطان'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

(ii) خاکہ جگر صاحب میں جگر صاحب کی شخصیت کے کس پہلو سے آپ متاثر ہوئے بیان کیجیے۔

15. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 3 + 3 = 6

(i) کلام حیدری نے اپنے افسانے کا عنوان ''سخی'' کیوں رکھا ؟

(ii) مرزا چپاتی کون تھے؟ اشرف صبوحی نے ان کے بارے میں کیا لکھا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(iii) اماں جان کو دوشالے سے لگاؤ کیوں تھا ؟

(iv) محمد طفیل پہلی مرتبہ جگر صاحب سے کس طرح متعارف ہوئے ؟

16. درج ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے : 5

(i) نظم (ii) سوانح

(iii) آپ بیتی (iv) ڈراما

17. اردو زبان کی ابتداء اور ارتقاء پر ایک نوٹ لکھیے۔ 5

یا

اردو زبان کی ابتداء سے متعلق مختلف نظریات بیان کیجیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE